# "اردو: فلموں، گیتوں اور وطن پرستی کی زبان"

اردو ایک ایسی میٹھی اور سنہری زبان ہے جو آج پورے ہندوستان
میں بولی جاتی ہے۔ اردو زبان میں لوگوں کے بیچ ایک بہت ہی
گہرا تعلق بنایا ہے۔ یہ وہ زبان ہے جو آپس میں اتفاق و اتحاد سے
رہنے کے لیے سبق دیتی ہے۔ ان سب کے بغیر آج اس زبان نے لوگوں
کا دل جیت لیا ہے۔ آج کے اس زمانہ میں اردو زبان کا استعمال
فلموں، گیتوں میں کیا جا رہا ہے۔ دن بہ دن لوگ اردو زبان میں
نئی نئی فلمیں بنا رہے ہیں۔ اردو زبان میں بہت سی ایسی
کتابیں ہیں۔ جن میں ہم دیکھتے ہیں کہ بہت سے شاعروں نے اپنے

الفاظ میں اردو زبان کے ذریعہ گیت بھی لکھے ہیں ۔ بلکہ ان سب
کے باوجود آج سماج میں لوگ اردو زبان کے نو دیوانے بن چکے
ہیں لوگ اردو زبان میں لکھے گئے گیتوں کو مختلف قسم کے
ترانم میں پڑھتے ہیں ۔ آزادی سے پہلے اردو زبان کو کوئی اہمیت
نہیں دیتا تھا مگر جب اردو کے مشہور شاعر علامہ اقبال نے شاعری
لکھی تو پورے دیش کے لوگ اس شاعری کو پڑھ کر آپس میں
~~بھ~~ پیار و للن کے ساتھ رہنے لگے ۔ لیکن جب سے اردو زبان کا
آغاز فلموں میں ہوا ہے اس دن سے اس زبان ~~کا~~ کو ایک نئی پہچان
مل گئی جگہ جگہ پر زبانِ اردو کے چرچے ہونے لگے ۔

پھر آہستہ آہستہ لوگ اُردو زبان میں گیت گانے لگے اس کے بعد
لوگ اِن گیتوں سے بہت متاثر ہوئے۔ اِسطرح اُردو زبان میں
بہت سے لوگوں نے گیت لکھنے اور بولنے شروع کیے۔ آج کل کے
معاشرے میں تو بوڑھے بھی اِس زبان کے گیت سنتے ہیں۔
یہ زبان جس کی بدولت ہمارے دیش کو آزادی حاصل کرنے میں
بھی آسانی ہوئی۔ اس وقت ہمارے دیش کے بڑے بڑے رہنما
اِس زبان کا استعمال کیا کرتے تھے۔ جب علامہ اقبال نے یہ شعر
لکھا سارے جہاں اچھا ہندوستان ہمارا اس کے بعد لوگوں کے مابین
پیار اور شفقت کا ماحول پیدا ہوگیا۔ اس بات سے ہم اندازہ لگا

سکتے ہیں کہ کس طرح اردو زبان نے ہمارے دیش کی آزادی میں اپنا
حق ادا کیا۔ آج یہ زبان ہندوستان یعنی ہمارے وطن میں ہر
ایک اسکول میں پڑھائی جاتی ہے۔ یہ زبان ہمارے وطن کی شان ہے
فلموں میں اس زبان کا آغاز ہونے کے بعد پورے ہندوستان کے لوگ
اردو فلموں کو زیادہ دیکھنا پسند کرنے لگے۔ یہ زبان جو صرف بولنے
میں ہی نہیں بلکہ اس میں لکھنا پڑھنا سب بہت ہی خوبصورت ہے
آج ہمارے ملک کے لوگ اس زبان میں اعلیٰ درجہ اور اعلیٰ مقام حاصل
کر رہے ہیں۔ یہ وہ ہی زبان ہے جس کے ایک نہیں بلکہ ہزار سے زائد شاعر
ہیں۔ یہ زبان ہمارے دیش میں اگر آج فلموں بنانے میں

یا پھر گیت لکھنے میں استعمال ہوتی ہیں اگر ہم اس کی تاریخ پڑھے
گئے کیسے یہ زبان ہمارے پاس آئی. یہ زبان ہمارے بڑے بڑے رہنما اور
بزرگوں کی قربانیوں کے بدولت ہم تک آئی۔ پہلے جب یہ زبان کتابوں
میں لکھی جاتی تھی اس وقت فلموں کا آغاز نہ ہوا تھا مگر اب
تو اس زبان میں طرح طرح کے اعلیٰ مقام ہیں. جب بھی اس زبان میں
کوئی فلموں بنائی جاتی ہے تو لوگ اکثر اردو زبان میں بنائی گئی فلم
ہی دیکھتے ہیں ۔ آج کل تو لوگ اپنی گاڑیوں میں یا پھر کہیں دور سفر
کرتے ہے تو اپنے موبائل سے اردو زبان کے گیت ہی سنتے ہیں ۔ اس
کی وجہ سے آج ہندوستان کا نام پوری دنیا میں مشہور ہے

اُردو زبان اب صرف ایک یاد نہیں بلکہ دنیا کے چالیس ملکوں میں
بولی جاتی ہے اس زبان کا جنم ہندوستان میں ہی ہوا تھا۔ یہ زبان لوگ
کے دِلوں اور دماغ میں بیٹھ چکی ہے اتنا ہی نہیں جب کرکٹ کھیلی
جاتی ہے تو لوگ اس زبان کی کومنٹری سننا زیادہ پسند کرتے ہیں
اس زبان کو سیکھنے کے لیے لوگ بہت دلچسپی رکھتے ہیں۔ جیسے کہ فلموں
میں بہت سے ایسے لوگ ہیں جو اُردو زبان میں اپنی فلم بنانا چاہتے ہیں۔ ہمارے
اپنے وطن میں جیسے۔ آمر خان۔ سلمان خان۔ اور بہت سے ایسے لوگ ہیں
جو اپنی فلموں میں ہمیشہ اُردو زبان کا استعمال کرتے ہیں۔ اُردو زبان میں لکھے
گئے گیت نہایت ہی پرسکون اور دِل کو مسرت دیتے ہیں

ہمارے وطن میں اُردو زبان کا پھیلاؤ ہے یہ زبان کا مشہور ہوتا یا

پھر اس زبان کا آج ~~اصلاح~~ اس مقام پر پہنچنا یہ سب ہندوستان کی

سرزمین سے ہی ہوا ہے۔ یہ زبان جو ہمارے ملک کے لوگوں کے خون میں

بسی ہوئی ہے۔ ہمارے وطن میں جب جب مشکلات آئی اس وقت

لوگوں نے اس زبان کے ذریعہ اس کا مقابلہ کیا۔ یہاں سے ہم سمجھ سکتے ہیں

کہ اردو زبان اکثر آج فلموں میں استعمال کی جاتی ہے۔ لیکن ان سب چیزوں

سے پہلے بھی اس زبان نے ہمارے وطن کی ترقی کے لیے یا پھر اس کی حفاظت

کے لیے ایک بہت ہی اہم کردار نبھایا ہے

یہ زبان جو بہت پہلے سے ہمارے دلوں میں تھی آج اسی زبان

63rd Kerala School Kalolsavam - Jan 04 To 08, 2025 - Thiruvananthapuram

Item Code: 646 Participant Code: 512

نے ہمارے دیش میں سکھ اور چین بھی لایا جو لوگ اس زبان کو نظر انداز

کرتے تھے وہ بھی اس زبان میں بنی ہوئی فلموں اور گیتوں سے بہت لطف اندوز

ہوتے ہیں۔ یہ زبان صرف فلم بنانے میں نہیں یا پھر گیت لکھنے میں نہیں

یا بچوں کو سکھانے کے لیے نہیں بلکہ یہ زبان دوسروں سے ادب سے پہچان کیسے

رہتے ہیں ادب و اخلاق بھی سکھاتی ہے

یہ زبان ہر ایک مذہب کے لیے نہایت ہی ضروری ہے۔ یہ زبان جو لوگوں کے

آپسی معاملوں کا حل نکالتی ہے اتنا ہی نہیں بلکہ یہ زبان سماج کی برائیوں کو

مٹانے میں بھی مدد کرتی ہے۔ یہ زبان لوگ کے اندر جوش و جذبہ پیدا کرتی

ہے یہ زبان لوگوں کو ان کا حق حاصل کرنے کے لیے سبق دیتی ہے یہ زبان

(This page will be scanned to publish the article in Schoolwiki. So write neatly. Don't fold paper. Don't write overleaf)

63rd Kerala School Kalolsavam - Jan 04 To 08, 2025 - Thiruvananthapuram

63-ാമത് കേരള സ്കൂൾ കലോത്സവം 2025 ജനുവരി 4 മുതൽ 8 വരെ തിരുവനന്തപുരം

Item Code: 646 Participant Code: 512

انصاف ایمانداری اور ایک سیدھا راستہ دکھاتی ہے

اِس زبان میں جو فلم بنائی جاتی ہیں اُن سب کے ذریعہ لوگ بہت سبق

حاصل کرتے ہیں۔ جیسے کہ ہمیں دوسرے کی مدد کرنی ہے۔ سماج میں اچھے کام کرتے

ہیں۔ چھوٹے بڑے سب کے لیے برابر حق ہے۔ قانون ہمارے لیے ضروری ہے

ملک کی حفاظت کرنا۔ اور بھی بہت سی ایسی باتیں ہیں جو ہم اُردو

فلموں کو دیکھ کر حاصل کر سکتے ہیں

اُردو زبان میں بولے گئے گیتوں میں بھی ہمیں بہت کچھ سیکھنے کو ملتا ہے

جیسے کہ ہمیں تعلیم حاصل کرنی ہے۔ چھوٹوں پر شفقت اور بڑوں کی عزت

کرنی ہے یہ سب ہم اُردو زبان میں لکھے یا پھر بولے گئے گیتوں سے حاصل کر سکتے ہیں

(This page will be scanned to publish the article in Schoolwiki. So write neatly. Don't fold paper. Don't write overleaf)

جب سے ہمارے وطن میں اُردو زبان کو اسکولوں میں سکھایا جا رہا ہے

اُس وقت سے آج دیش کے بچے اس زبان میں ماہر ہو چکے ہے۔ پھر اس کے بعد

وہ باہر کے ممالک میں جا کر اس زبان میں یا تو علم بناتے ہیں یا پھر گیت گاتے یا پھر

باہر کے ممالک میں اس زبان کو پڑھاتے ہیں ان چیزوں سے ہم معلوم کر سکتے ہیں

کہ یہ زبان کتنی عمدہ زبان ہے

یہ زبان اتنی مشہور ہو چکی ہے کہ لوگ اپنا سفر کرتے ہوئے بھی اس زبان میں لکھی

گئی کتابیں یا پھر کہانیاں پڑھتے رہتے ہیں۔ لوگوں اُردو زبان میں سوشل میڈیا

ہر طرح طرح کے خبر بھی دیتے رہتے ہیں۔ ہمارے وطن میں بہت سی زبانیں

ہیں مگر اُن سب زبانوں کی ماں اردو زبان کو ہی مانا جاتا ہے

63rd Kerala School Kalolsavam - Jan 04 To 08, 2025 - Thiruvananthapuram

Item Code: 646 Participant Code: 512

اس زبان نے ہمارے دیش کو بلندیوں تک پہنچایا ہے یہ دیش

دنیا کی نظر میں ایک چمکتا ہوا ستارا ہے لیکن یہ سب اردو زبان

کا ہی کمال ہے ۔ جس نے ہمارے وطن کی ایک الگ پہچان بنائی ہے

فلموں کی دنیا میں صرف اردو ایک ایسی زبان ہے جس میں

سب سے زیادہ فلمیں بنائی جاتی ہے اس دنیا میں اردو زبان کا مقام

بلند و اعلیٰ ہے اس زبان کی جتنی بھی تعریف کی جائے بالکل کم ہوگی

کیونکہ یہ زبان ایسے ہی جیسے ستاروں میں چاند نظر آتا ہے اسطرح دنیا کی

تمام زبانوں میں اردو زبان نظر آتی ہے

(This page will be scanned to publish the article in Schoolwiki. So write neatly. Don't fold paper. Don't write overleaf)

ایک طرف اُردو زبان میں ہزاروں کتابیں لکھی گئی ہے دوسری طرف اُردو زبان

میں فلمیں بھی بنائی گئی ہیں۔ ہندوستان اور کچھ ممالکوں میں اُردو زبان میں

ڈارمے بگانے بھی بنائے جاتے ہیں۔ آنے والے مستقبل میں نا جانے

اس زبان کا عالم کیا ہوگا۔ یہ زبان دنیا کی تمام زبانوں پر راج کرے

گی۔ بلکہ یہ یہی نہیں اس بولنے والے میں کروڑوں کی تعداد میں ہو گئے

اُردو زبان نے اس دیش کے خاطر بہت سے کاموں کو انجام دیا ہے

دیش کی خبصورتی بڑھانے کے لیے یا پھر دیش کی عزت بچانے کے لیے

یعنی ہر ایک صفحے پر یہ زبان ہمارے لیے ایک جنگجو کی طرح

کھڑی رہی اور وقت آنے پر مدد بھی کی

اسلیے ہمارے دیش کے لوگوں کی یہ ذمہ داری ہے کہ وہ اس زبان

کی ہمیشہ حفاظت کریں۔ اس زبان میں اچھی اچھی فلمیں بنائے گئے

گئے تاکہ ان سب کی بدولت سماج کے لوگوں میں تبدیلیاں پیدا ہوں

ہمیں اردو زبان کے ~~خاطر~~ خاطر خود کو قربان بھی کرنا چاہئے کیونکہ یہ

ہمارے وطن یعنی سرزمین ہندوستان کے لیے نہایت ہی اہم ہے

ہمیں زیادہ سے زیادہ اس زبان میں فلمیں بناتی ہیں۔ گیت

گاتے ہیں۔ یا اس کے ذریعہ لوگوں کے درمیان امن و سکون اور پیار و لگن

کا جوش ڈالتا ہے۔ یہ سب اس زبان کی بدولت کیا جا سکتا ہے اگر

ہم اس کا اچھے سے سوچ سمجھ اور عقلمندی سے استعمال کرتے ہے۔

اگر ہم اپنی فلموں اور گیتوں کے ذریعہ لوگوں کو ایک اچھا سبق

دے سکتے تو ہو سکتا ہے کل ہمارے ~~لوگ~~ ملک کے لوگ ان باتوں

سے متاثر ہو کر وطن کے ترقی کے لیے سوچنا شروع کر دے۔ اس طرح

ہمیں یہ سب کرنے سے مفید فائدے ہیں۔ کل آنے والے مستقبل

میں ہمارے دیش میں لوگ عیش و آرام والی زندگی بسر کر سکتے ہیں

اسلیے یہ آج کے لوگوں کا فرض ہے کہ وہ اس زبان کا زیادہ سے

زیادہ استعمال کرے اور اردو زبان کو بلند و اعلی مقام تک پہنچانا ہے

کیونکہ دنیا کے ہر زبان اردو زبان کے مقابلے میں بہت پیچھے ہے۔ آج

ہمیں اس زبان کو اور بھی زیادہ اہمیت دینی چاہیے

63rd Kerala School Kalolsavam - Jan 04 To 08, 2025 - Thiruvananthapuram

Item Code: 646 Participant Code: 512

ان سب چیزوں سے ہمیں معلوم ہوتا ہے کہ یہ زبان ہزاروں

میں ایک ہے۔ یہ زبان ہمارے ملک کی عزت اور وقار کو بڑھا سکتی

ہے۔ اسلئے ہمیں اپنی جانوں سے زیادہ اس زبان کی حفاظت کرنا ہے

یہ زبان ہمارے ملک میں ایک نہیں بلکہ ہزاروں کاموں میں استعمال کی

جاتی ہے

اسلیے ہمارے وطن کی گورنمنٹ کو چاہئے زیادہ سے زیادہ اس زبان

کا احتیاط کیا جائے۔ اردو زبان ہے ہندوستانی پہچان۔ اردو زبان

ہے سب دلوں کی جان۔ اردو زبان سے سب باغوں کا پھول۔ اسلیے ہمیں

اردو زبان کو زیادہ سے زیادہ اچھے کاموں میں استعمال کرنا چاہیے

(This page will be scanned to publish the article in Schoolwiki. So write neatly. Don't fold paper. Don't write overleaf)